ابو الکلام آزاد

مولانا ابوالکلام آزاد کی/ پر تصنیفات، تالیفات و مقالات کا موضوعاتی و وضاحتی اشاریہ
(اردو و انگریزی)



مرتبہ
ڈاکٹر عطا خورشید

زیر نگرانی
شکیل احمد خاں

مولانا آزاد لائبریری
علیگڑھ مسلم یونیورسٹی، علیگڑھ

ابوالکلام آزاد

مولانا ابوالکلام آزاد کی/ پر تصنیفات، تالیفات و مقالات کا موضوعاتی و وضاحتی اشاریہ

(اردو و انگریزی)

مرتبہ

ڈاکٹر عطا خورشید

زیر نگرانی

شکیل احمد خاں

مولانا آزاد لائبریری

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

نام کتاب: مولانا ابوالکلام آزاد:
مولانا آزاد کی/ پر تصنیفات، تالیفات ومقالات کا موضوعاتی و وضاحتی اشاریہ (اردو و انگریزی)

مرتب: ڈاکٹر عطا خورشید (ڈاکٹر طیب سجاد اصغر)
ناشر: مولانا آزاد لائبریری
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

سنہ اشاعت: ۲۰۰۴ء

قیمت:

پریس: مسلم ایجوکیشنل پریس، علی گڑھ
ملنے کا پتا: مولانا آزاد لائبریری
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

یہ کتاب علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی۔

انتساب

اردو کے ماہرین ابوالکلامیات

محترم ابوسلمان شاہجہانپوری

ڈاکٹر ریاض الرحمٰن شروانی

ڈاکٹر عابد رضا بیدار

اور

پروفیسر عبدالقوی دسنوی

کے نام

جن کی علمی کاوشیں، ذاتی کتب خانے اور مشورے
اس ببلیوگرافی کی تکمیل کا سبب بنے

فہرست

تعارف

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی مولانا آزاد لائبریری اپنے بیش بہا ذخیرے اور خدمات کے لیے علمی دنیا کے لیے اب محتاج تعارف نہیں رہی۔ اپنے قارئین کی سہولت اور مطلوبہ مواد کی فراہمی کے لیے کارکنان لائبریری ہمہ وقت مستعد رہتے ہیں۔ پچھلے دو برسوں میں اس لائبریری نے نشر و اشاعت کا کام مستقل طور پر انجام دینا شروع کیا ہے۔ اکتوبر ۲۰۰۲ء میں اشاعتی کام کی جو داغ بیل سرسید ببلیوگرافی کے ذریعہ ڈالی گئی تھی، پیش نظر ببلیوگرافی بھی اسی کی ایک کڑی ہے۔

اپنے نام کی مناسبت سے مولانا آزاد لائبریری پر یہ واجب تھا کہ وہ مولانا ابوالکلام آزاد جیسی عبقری شخصیت پر کوئی علمی کام پیش کرے۔ لائبریری کی مناسبت سے ببلیوگرافی ایک بہترین علمی کام ہے۔ کیونکہ ایک لائبریرین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ سہولتیں اور مواد اپنے قارئین تک پہنچا سکے۔ کتابیات (ببلیوگرافی) اور اشاریہ جات اس ضرورت کو پورا کرنے کی بہترین صورت ہے۔ مولانا آزاد لائبریری کے اسسٹنٹ لائبریرین ڈاکٹر عطا خورشید (ڈاکٹر طیب سجاد اصغر) مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس کام کو انجام تک پہنچایا۔ ان کی محنت کا ثمرہ مولانا آزاد پر موضوعاتی ببلیوگرافی کی شکل میں آپ کے سامنے ہے۔ اس سے قبل بھی اردو میں مختلف موضوعات پر ان کی مرتب کی ہوئی ببلیوگرافیز اشاعت پذیر ہو کر اہل علم وادب سے داد و تحسین حاصل کر چکی ہیں۔

پیش نظر ببلیوگرافی سے قبل مولانا آزاد پر کئی ببلیوگرافیز چھپ چکی ہیں لیکن ان میں کوئی بھی موضوعاتی اور وضاحتی نہیں ہے مولانا آزاد پر لکھے مضامین کو صرف الفبائی ترتیب سے مرتب کر دیا گیا ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ پہلی بار مولانا آزاد پر ایک موضوعاتی اور وضاحتی ببلیوگرافی پیش کی جا رہی ہے۔ گرچہ اس میں ۱۹۹۸ء تک کے شائع

شدہ مقالات کو ہی شامل کیا گیا ہے لیکن یہ مقالات کی کثیر تعداد پر مشتمل ہے اس لیے یہ ریسرچ اسکالر کی تمام ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے کافی حد تک معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ کتابوں و مقالات کی ترتیب کے سلسلے کی ساری تفصیلات مرتب موصوف نے ''کچھ اشاریے کے متعلق'' میں دے دی ہے۔ استفادہ سے قبل اس کا دیکھ لینا ہر قاری کے لیے مفید ہوگا۔

آخر میں ہم اپنے شیخ الجامعہ جناب نسیم احمد صاحب کے شکر گزار ہیں کہ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی انہوں نے ہماری سرپرستی فرمائی اور اس ببلیوگرافی کو یونیورسٹی کی طرف سے شائع کرانے کے لیے نہ صرف اجازت دی بلکہ طباعت کے سارے اخراجات بھی یونیورسٹی کی طرف سے ادا کرنے کا حکم دیا۔

ہمیں امید ہے کہ ہماری پچھلی مطبوعات کی طرح اس ببلیوگرافی کی بھی کافی پذیرائی ہوگی اور اسے قدر کی نگاہوں سے دیکھا جائے گا۔

شکیل احمد خاں

حرفِ چند

مولانا ابوالکلام آزاد (۱۸۸۸ء۔۱۹۵۸ء) ایک عبقری شخصیت کے مالک تھے۔ ان کی ذات متنوع خصوصیات کی حامل تھی۔ وہ ایک عالم دین، ایک مجاہد آزادی، ایک فلسفی، ایک مفکر، ایک صحافی، ایک ادیب، ایک انشاء پرداز، ایک خطیب، ایک ماہر تعلیم غرض جس زاویے سے بھی دیکھا جائے، وہ ایک بھرپور اور مکمل علمی اور عملی انسان تھے۔ زندگی بھر وہ پرورش لوح و قلم کرتے رہے۔ یوں تو انہوں نے مختلف موضوعات پر قلم اٹھایا لیکن مذہب اور سیاست ان کا خاص میدان تھا۔ انہوں نے جو کچھ لکھا وہ ان کی حیات میں بھی شائع ہوا اور آج بھی ان کی تحریروں کو مختلف عنوان دے کر شائع کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ مولانا آزاد پر ان کی حیات میں بھی لکھا گیا اور آج بھی اسی شد و مد کے ساتھ لکھا جا رہا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مولانا کی اپنی تحریروں کے علاوہ ان پر لکھی گئی تحریروں سے اردو زبان کافی ثروتمند ہوئی ہے۔ آج مولانا کی حیات و خدمات کے مختلف گوشوں پر تحقیق ہو رہی ہے۔ لیکن تحقیق صرف خیالی محل تعمیر کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ اس کے لیے ٹھوس مواد جمع کرنا ضروری ہے۔ ظاہر ہے اس کے لیے مختلف جگہوں سے سنگریزوں کو جمع کرنا ایک کارِ دشوار ہوتا ہے۔ سارے مواد کو ایک جگہ جمع کرنا تو آسان نہیں لیکن وہ مواد کہاں کہاں ملے گا اس کی نشاندہی کرنا بھی کام کرنے والوں کے کام کو سہل بنا سکتا ہے۔ علمی کام میں نشاندہی کرنے کا یہ عمل ایک لائبریرین کرتا ہے اور جب اس عمل کو وہ علمی شکل میں پیش کرتا ہے تو اسے ہی ببلیوگرافی کہا جاتا ہے۔

مولانا آزاد پر یہ ببلیوگرافی ۱۹۹۹ء میں مکمل ہو چکی تھی اس میں ۱۹۹۸ء تک کی مطبوعات کو شامل کیا گیا تھا، لیکن کچھ ناگزیر وجوہات کے سبب یہ اشاعت پذیر نہ ہو سکی۔ کافی تاخیر سے اس کی اشاعت عمل میں آ رہی ہے۔ اس بات کا دعویٰ تو نہیں کیا جا سکتا ہے کہ تمام مطبوعات و مقالات کا احاطہ کر لیا گیا ہے لیکن کافی حد تک احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مولانا آزاد پر کام کرنے والوں کے لیے اس میں کافی علمی مواد جمع کر دیا گیا ہے۔

پیش نظر ببلیوگرافی سے قبل بھی مختلف لوگوں نے مولانا آزاد پر ببلیوگرافی تیار کی ہیں جن کی تفصیلات

نمبر۱۶۹۳ سے ۱۷۰۹ کے درمیان پیش کی گئی ہیں۔ان میں سے بیشتر ببلیوگرافیز میں نہ تو موضوعات کی کوئی تقسیم ہے اور نہ ہی وضاحت دینے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ پھر بھی ہمیں اس سے انکار نہیں کہ اس طرح کی ببلیوگرافیز سے بھی ہمیں کافی مدد ملی۔ جو کتابیں یا مقالات Physically ہمیں نہ مل سکے ان کی اطلاعات ہم نے انہیں سے نقل کیں۔اس کے لیے ہم ان کے مرتبین کے شکرگزار ہیں۔

ہم ممنون و احسانمند ہیں اپنے شیخ الجامعہ محترم نسیم احمد صاحب کے، جنہوں نے اس مسودہ کو بنظر غائر دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ یونیورسٹی کی طرف سے شائع کرانے کے لیے مالی اعانت بھی فرمائی۔اگر ان کی طرف سے یہ مالی تعاون حاصل نہ ہوتا تو شاید اس کی طباعت و اشاعت میں مزید تاخیر ہوتی۔

ہم شکرگزار ہیں ڈاکٹر عابد رضا بیدار صاحب اور پروفیسر ریاض الرحمٰن خاں شروانی صاحب کے، جن کے ذاتی کتب خانے کی کتابوں کو بلا تکلف استعمال کرنے کی اجازت ہمیں حاصل رہی۔ان کے علاوہ خدا بخش لائبریری، پٹنہ کے ڈاکٹر سید مسعود حسن اور نیشنل لائبریری، کلکتہ کی محترمہ فرحانہ فاروقی صاحبہ کے بھی شکرگزار ہیں کہ ان دونوں کے علمی تعاون کے سبب ان کے کتب خانوں میں موجود مولانا آزاد پر مشتمل مواد بذریعہ ڈاک ہمیں ملتے رہے۔ ہمارے بزرگ دوست اور کرمفرما مہرالٰہی ندیم صاحب بھی شکریہ کے حقدار ہیں کہ میرے ہر علمی کام کی طرح اس کام میں بھی ان کی دلچسپی برقرار رہی۔ ہمیشہ قلم اٹھانے سے لے کر اشاعت کی آخری منزل تک ان کے نیک مشورے میرے لیے مشعل راہ ثابت ہوتے ہیں۔ایک کام ختم ہونے سے قبل ہی وہ دوسرا کام شروع کرنے کی فرمائش کر دیتے ہیں۔

آخر میں میں اپنی بیگم (ڈاکٹر شائستہ خان) اور اپنی تینوں معصوم بچیوں (ندا، سدرہ اور سنبل) کا بھی شکریہ ادا کرنا فرض سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کو دیا جانے والا وقت بھی میں نے اپنے اس کام کی نذر کر دیا۔

ڈاکٹر عطا خورشید

کچھ اس اشاریے کے متعلق

پیش نظر اشاریے میں مولانا ابوالکلام آزاد کی کتابیں و مضامین نیز مولانا ابوالکلام آزاد پر کتابیں و مضامین کا احاطہ کیا گیا ہے۔ سب سے پہلے مولانا آزاد کی تصنیفات کو الفبائی ترتیب سے رکھا گیا ہے۔ اس میں کتاب کا نام، مرتب (اگر کوئی ہے تو)، مطبع یا ناشر، مقام اشاعت، سنہ اشاعت اور صفحات دینے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ مطبع/ناشر کے تحت مختلف اشاعتوں کا ذکر ہے۔ اگر ان مختلف اشاعتوں میں کچھ اختلافات ہیں تو حاشیے میں ان کا بھی ذکر کر دیا گیا ہے۔ کتاب کے موضوع کی وضاحت کے ساتھ ان کی فہرست ابواب بھی نقل کی گئی ہیں تاکہ کتاب کے مکمل کوائف بیک نظر قارئین کے سامنے آجائیں۔

کتابوں کے موضوعات میں چونکہ تنوع ہوتا ہے اس لیے ان تمام کتابوں کو موضوعاتی ترتیب دینا ایک مشکل امر تھا۔ لہذا انکی ترتیب الفبائی رکھی گئی ہے لیکن اس ترتیب میں بھی موضوعات کا خیال رکھا گیا ہے مثلاً آزاد کی تقریروں کے مجموعے اپنے عنوانات (نام کتاب) کے لحاظ سے الفبائی ترتیب سے ہیں لیکن دیگر تمام ایسے مجموعے جن میں آزاد کی تقریریں شامل ہیں۔ فٹ نوٹ میں انکی نشاندہی کر دی گئی ہے۔ اسی طرح مقالات آزاد، خطوط آزاد، آزاد کی شاعری، آزاد کے افسانے وغیرہ جیسے موضوعات پر مشتمل کتابوں کی یکجا فہرست حاشیے میں دے دی گئی ہے۔

مولانا آزاد کی کتابوں نیز انکے مقالات وغیرہ کے مجموعے کو ناشرین اپنے طور پر اکثر نئے عنوان دے کر شائع کرتے رہے ہیں۔ ایسی کتابوں کو انکے عنوانات کے تحت الفبائی ترتیب سے رکھ کر حاشیے میں اس بات کی نشاندہی بھی کر دی گئی ہے کہ یہ کتاب دیگر فلاں عنوان سے بھی شائع ہوئی ہے۔ عنوانات کی الفبائی ترتیب میں اصل عنوان کو ہی رکھا گیا ہے بقیہ لاحقے کو کوما کے بعد رکھا گیا ہے مثلاً انتخاب الہلال یا مضامین الہلال ترتیب میں 'الہلال' کے ذیل میں ملے گا لفظ 'انتخاب' اور 'مضامین' کو کوما کے بعد رکھا گیا ہے۔

مولانا آزاد کی تصنیفات کے بعد مولانا آزاد پر مشتمل بالذات تصنیفات کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس موضوع کے تحت وہ کتابیں ہیں جو مولانا آزاد پر مشتمل ایک مکمل تصنیف کا درجہ رکھتی ہیں اور وہ کتابیں بھی ہیں جنہیں تنہا کسی مصنف نے آزاد پر لکھے اپنے مقالات جمع کر ایک تصنیف کی شکل دے دی ہے۔ کتاب کی ترتیب اس کے عنوانات کے لحاظ سے الفبائی رکھی گئی ہے اور تقریبا تمام کتابوں کی فہرست ابواب بھی شامل کی گئی ہے۔

اگلے حصے میں مولانا آزاد پر ان کتابوں کی تفصیلات پیش کی گئی ہیں جو مولانا آزاد پر مختلف لوگوں کے مضامین کے مجموعے کی صورت میں ہیں یا کسی سمینار میں پڑھے گئے مقالات کے مجموعے ہیں۔ اس حصے کا عنوان 'مولانا آزاد پر تالیفات'' ہے جو نمبر شمار ۲۸۱ سے نمبر شمار ۳۰۵ تک محیط ہے۔

نمبر شمار ۳۰۶ سے مولانا آزاد کے مضامین کا ذکر ہے۔ ان کی ترتیب بھی الفبائی رکھی گئی ہے۔ یہ مضامین /مقالات رسالوں سے بھی لیے گئے ہیں اور مولانا آزاد کے مضامین کے مجموعے سے بھی۔ ماخذ کے ذیل میں مجموعوں کے صرف نام لکھے گئے ہیں۔ اُن کی دیگر اشاعتی تفصیلات کے لیے انکے نمبر شمار دے دیے گئے ہیں۔

ایک ہی مضمون مختلف مجموعوں اور رسالوں میں شائع ہوا ہے تو ماخذ میں ان تمام مجموعوں کے حوالے درج کیے گئے ہیں۔ مضامین کے علاوہ اسی طرز پر مولانا آزاد کی تقریروں کو بھی یکجا کر دیا گیا ہے۔ ایک ہی تقریر مختلف عنوانات سے مرتبین نے اپنے مرتبہ مجموعوں میں شامل کیا ہے۔ لہذا اصل تقریر کو بنیادی عنوان کے تحت الفبائی ترتیب میں رکھا گیا ہے اور قوسین میں وہ عنوانات بھی لکھ دیے گئے ہیں جو مرتبین نے انہیں دیے ہیں۔ مثلا مولانا آزاد کا ۱۹۴۷ء میں جامع مسجد، دہلی میں دیا گیا مشہور تاریخی خطبہ ۱۴۱۷ نمبر پر 'خطبہ جامع مسجد دہلی، ۱۹۴۷ء' کے عنوان سے درج ہے۔ یہ خطبہ سات مختلف ماخذات میں ہمیں ملا لیکن سبھی کے عنوانات الگ الگ ہیں اس لیے بنیادی عنوان 'خطبہ جامع مسجد، دہلی ۱۹۴۷ء' رکھا گیا اور اس کے بعد قوسین میں وہ عنوان لکھا گیا ہے جو اس کے ماخذ میں درج ہے۔

مولانا آزاد پر مضامین والے حصے کی ترتیب موضوعاتی رکھی گئی ہے۔ اس شق میں سب سے پہلے عمومی یعنی عام تاثراتی قسم کے مضامین رکھے گئے ہیں۔ پھر خاص موضوعات کی ترتیب رکھی گئی ہے۔ ان خاص موضوعات میں بھی ذیلی تقسیم کی گئی ہے۔ مثلا خاندان کے تحت ان مضامین کو رکھا گیا ہے جس میں ان کے خاندانی پس منظر، نسب وغیرہ پر بحث کی گئی ہے پھر اس 'خاندان' موضوع کے ذیل مین ان موضوعات کو جگہ دی گئی ہے جن میں مولانا آزاد

کے خاندان کے کسی خاص فرد پر خصوصی مضمون لکھا گیا ہے مثلاً والدہ، بھائی، بیگم وغیرہ۔

اسی طرح 'بحیثیت ادیب' کے ذیل میں پہلے ایسے مضامین رکھے گئے ہیں جن میں مولانا آزاد کی ادبی حیثیت کا مکمل جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کے بعد علیحدہ علیحدہ ان کی تصنیف پر لکھے مضامین کو موضوع قرار دے کر ان کے ذیل میں رکھا گیا ہے۔ مثلاً تذکرہ، انڈیا ونس فریڈم وغیرہ۔ غبار خاطر اور کاروان خیال دراصل ان کے خطوط کے مجموعے ہیں اس لیے انہیں مکتوب نگار کے ذیل میں رکھا گیا ہے جو خود ''بحیثیت ادیب'' کا ذیلی موضوع ہے۔

زیر نظر اشاریے میں مولانا آزاد پر لکھے مضامین کو بحیثیت صحافی، بحیثیت سیاستداں، بحیثیت مفکر، بحیثیت دانشور، بحیثیت ماہر تعلیم، بحیثیت شاعر، خطیب جیسے موضوعات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ بھی کچھ موضوعات مختص کیے گئے ہیں مثلاً ایک موضوع 'آزاد اور شخصیات' ہے۔ اس کے ذیل میں ایسے مضامین رکھے گئے ہیں جن میں آزاد کا تعلق دیگر شخصیات سے دکھایا گیا ہے۔ اس کی ترتیب اُن ناموں کی الفبائی ترتیب کے تحت رکھی گئی ہے نیز ان ناموں کو جلی کر دیا گیا ہے۔

''آزاد اور ادارے'' میں اداروں کے ناموں کی الفبائی ترتیب رکھی گئی ہے اور ان ناموں کو جلی رکھا گیا ہے۔

''اسفار آزاد' کے تحت مولانا آزاد کے اسفار پر لکھے گئے مضامین کو یکجا کیا گیا ہے اور ان کی ترتیب شہروں اور مقامات کی الفبائی ترتیب کے ساتھ رکھی گئی ہے۔

مولانا آزاد پر لکھی جانے والی کتابوں پر تبصرے کو ''تبصرے'' موضوع کے تحت رکھا گیا ہے۔ ان کی ترتیب بھی کتابوں کے عنوانات کی الفبائی ترتیب کے تحت کی گئی ہے اور ان عنوانات کو بھی نمایاں کرنے کے لیے جلی لکھا گیا ہے۔

آخر میں مصنفین/ مقالہ نگاران کا اشاریہ بھی دیا گیا ہے۔ اکثر ناموں میں Cross reference کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ ناموں کو ان کے مشہور نام یا تخلص سے ترتیب دیا گیا ہے۔ دو لفظی ناموں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے انہیں من وعن درج کیا گیا ہے۔ شہروں اور اداروں سے نسبت والے ناموں کا اندراج ان کے نسبتی ناموں سے نہ کر کے ان کے اصل نام سے کیا گیا ہے مثلاً اس مصنف اشاریے میں کوئی اندراج ندوی، دیسنوی یا اصلاحی وغیرہ سے نہیں ملے گا۔

انگریزی حصے کا اشاریہ بھی اردو اشاریے کی طرز پر تیار کیا گیا ہے۔ ابتداء میں مولانا آزاد کی کتابوں،

مضامین، تقاریر وغیرہ کے انگریزی تراجم کا ذکر کیا گیا ہے۔ اسکے بعد مولانا آزاد پر لکھی گئی کتابیں ہیں۔ کتاب کی تمام اشاعتی تفصیلات کے ساتھ ساتھ فہرست ابواب بھی شامل کی گئی ہے۔ اسکے اگلے حصے میں مولانا آزاد پر مضامین موضوعاتی ترتیب کے ساتھ رکھے گئے ہیں۔ آخر میں مصنفین رمقالہ نگاران کا اشاریہ بھی دیا گیا ہے۔

زیر نظر موضوعاتی اشاریے میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ مولانا آزاد پر کام کرنے والوں کو اپنے مطلوبہ موضوع پر مواد تلاش کرنے کے لیے پورا اشاریہ دیکھنے کی ضرورت نہ پڑے۔ اشاریے کی فہرست (Contents) دیکھ کروہ بآسانی اپنے مطلوبہ مواد تک پہنچ سکتے ہیں۔ پورے اشاریے میں چونکہ ترتیب عنوانات کے لحاظ سے کی گئی ہے اس لیے آخر میں مصنفین ومقالہ نگاران کے ناموں کا اشاریہ بھی دے دیا گیا ہے۔

ڈاکٹر عطا خورشید

مولانا آزاد کی تصنیفات

<table>
<tr><th>نمبرشمار</th><th>عنوان</th><th>مصنف/مرتب</th><th>مطبع/ناشر</th><th>سنہ اشاعت</th><th>صفحات</th></tr>
<tr><td>۱۔</td><td>آثار آزاد</td><td>ابوالکلام آزاد/پروفیسر قدرت اللہ فاطمی</td><td>خدابخش لائبریری، پٹنہ</td><td>۱۹۸۸ء</td><td>۸۵</td></tr>
<tr><td></td><td colspan="5">درج ذیل موضوعات کے تحت آزاد کی خودنوشت تحریروں کے عکس چھاپ گئے ہیں(۱) شعروسخن (۲) دینی عقائد (۳) صحافت (۴) تعلیم ،تصنیف (۵) مالی معاملات (۶) قلبی روابط (۷) متفرقات۔</td></tr>
<tr><td>۲۔</td><td>آثار آزاد</td><td>ابوالکلام آزاد/ ڈاکٹر راجیش کمار پرتی</td><td>نیشنل آرکائیوز آف انڈیا، دہلی</td><td>۱۹۹۰ء</td><td>۱۶۷</td></tr>
<tr><td></td><td colspan="5">نیشنل آرکائیوز میں محفوظ مولانا آزاد کی نادر تحریریں</td></tr>
<tr><td>۳۔</td><td>آثار ونقوش</td><td>ابوالکلام آزاد/ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہاں پوری</td><td>کراچی، ابوالکلام آزاد ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پاکستان</td><td>۱۹۹۷ء</td><td>۲۳۱</td></tr>
<tr><td></td><td colspan="5">نیشنل آرکائیوز میں محفوظ آئی سی سی آر کی فائلوں اور دیگر مآخذ سے ماخوذ مولا آزاد کے تاریخی وسیاسی نادر خطوط اوراحکام وہدایات کا مجموعہ۔</td></tr>
<tr><td>۴۔</td><td>آزاد کی تقریریں</td><td>ابوالکلام آزاد/انور عارف</td><td>۱) دہلی، نیو تاج آفس</td><td>ب ت</td><td>۲۹۳</td></tr>
<tr><td></td><td></td><td></td><td>۲) دہلی ادبی دنیا</td><td>۱۹۶۱ء</td><td>۲۹۳</td></tr>
<tr><td></td><td></td><td></td><td>۳) کراچی، مکتبہ ماحول</td><td>۱۹۶۱ء</td><td>۳۶۴</td></tr>
<tr><td></td><td></td><td></td><td>۴) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس[1]</td><td>۱۹۸۸ء</td><td>۲۹۳</td></tr>
</table>

[1] اس ایڈیشن کا عنوان "مولانا آزاد کی تقریریں" ہے۔آزاد کی تقریروں کے دیگر مجموعوں کے لیے دیکھیے نمبر ۱۰۴ کا حاشیہ۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات

ترتیب

دوسرا حصہ

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۵۔	آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی	ابوالکلام آزاد/ بروایت ملیح آبادی	۱) دہلی، حالی پبلشنگ ہاؤس	۱۹۵۸ء	۴۲۴
			۲) دہلی، حالی پبلشنگ ہاؤس	۱۹۶۰ء	۴۲۴
			۳) لاہور، مکتبہ چٹان	۱۹۶۳ء	--
۶۔	آزادی ہند	ابوالکلام آزاد/ تراجمہ، تلخیص تبویب، استدراک رئیس احمد جعفری	۱) لاہور، مکتبہ اکیڈمی	۱۹۵۸ء	۵۰۰
			۲) لاہور، مقبول اکیڈمی	۱۹۵۹ء	۵۰۰

India Wins Freedom کا اردو ترجمہ [1]

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۷۔	ابوالکلام کے افسانے	مرتب: عبدالغفار شکیل	علی گڑھ، سرسید بک ڈپو	۱۹۶۱ء	۱۰۳

فہرست:

مولانا ابوالکلام اور افسانہ نگاری از عبدالغفار شکیل

حقیقت کہاں ہے

ہولناک رات

نپولین پر دوسرا حملہ

سودہ بنت عمارہ

اروی بنت الحارث

چڑیا چڑے کی کہانی

شہید رسم

قمار باز

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۸۔	اتحاد اسلامی	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۱۴ء	۲۴

''حضرت مولانا ابوالکلام آزاد دہلوی مدظلہ العالی ایڈیٹر الہلال والبلاغ کی وہ زبردست تقریر جو انہوں نے ۲۷/ اکتوبر ۱۹۱۴ء کو کلکتہ کے ایک عظیم الشان جلسے میں فرمائی''۔

---

[1] India Wins Freedom کا دوسرا اردو ترجمہ جو پروفیسر محمد مجیب نے کیا ''ہماری آزادی'' کے نام سے شائع ہوا۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۹۔	احرار اسلام: الحریۃ فی الاسلام؛ نظام حکومت اسلامیہ	ابوالکلام آزاد	لکھنو، صدیق بک ڈپو	ب ت	۶۸
۱۰	اذکار آزاد جلد اول	مرتبہ: سید عباس حامی مدراسی	لاہور گیلانی الیکٹرک پریس	۱۳۶۵ھ	۲۸۸
۱۱۔	ارمغان آزاد	مرتبہ: ابوسلمان شاہجہانپوری	۱) کراچی، مکتبۃ الشاہد (پہلا ایڈیشن) [1]	۱۹۷۲ء	۲۶۸
			۲) کراچی، آزاد اکیڈمی (دوسرا ایڈیشن)	۱۹۷۸ء	۲۷۹

(۱۰) مولانا آزاد کے چار مضامین کا مجموعہ

۱۔ مقاصد الہلال اور مسلمانوں کے لیے شاہراہ عمل

۲۔ مسئلہ تجدید احیائے دین و مسئلہ قیام جماعت

۳۔ حزب اللہ کا قیام

۴۔ اسلام کیا ہے؟

(۱۱) مولانا ابوالکلام آزاد اور ان کے ابتدائی دور کے مضامین

فہرست:

رباعی (عکس) مولانا آزاد

پیش لفظ ناشر

دیباچہ مرتب

حصہ اول

مولانا آزاد کی شاعری ۔ مرتب

کلام

عکس کلام

حصہ دوم

مولانا آزاد کی مضمون نگاری۔ مرتب

اعلان الحق

ریویو بر تذکرہ صادقہ

---

[1] اس ایڈیشن میں آخری مضمون 'تعلیم نسواں' شامل نہیں ہے۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
	ایک قدیم مضمون				
	فن اخبار نویسی				
	جشن تاجپوشی کا کلکتہ میں دلچسپ مشاعرہ				
	حکیم خاقانی شروانی				
	اک بت سیمیں بدن سے ...				
	قمار باز				
	ممالک اسلامیہ اور سید احمد خانی خیالات				
	تعلیم اور تالیق پر اورنگ زیب کا لکچر				
	سرمد شہید				
	تعلیم نسواں				
۱۲۔	ارمغان آزاد	مرتبہ: ابو سلمان شاہجہانپوری	کراچی: ادارۂ تحقیقات افکار و تحریکات ملی،	۱۹۹۹ء	۲۵۲

مولانا ابوالکلام آزاد کا مجموعۂ کلام اور انکے ابتدائی دور کے مضامین

فہرست:

دیباچہ۔ مرتب

حصہ اول

مولانا آزاد کی شاعری۔ مرتب

کلام۔ مولانا ابوالکلام آزاد

زنعتیہ کلام

غزلیات

رباعیات

قطعات، قطعات تاریخ

ساقی نامہ کے دو شعر

ابیات

فارسی کلام

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
	غزل				
	رباعیات				
	تقریظ تذکرہ صادقہ				
	مثنوی متضمن بہ تہنیت تاج پوشی				
	عکس کلام				
	حصہ دوم				
	مولانا آزاد کی ابتدائی نثر نگاری۔	ابوسلمان شاہجہانپوری			
	مضامین	۔ ابوالکلام آزاد			
	اعلان الحق (رسالہ)/ ریویو بر کتاب مستطاب تذکرہ صادقہ / فن اخبار نویسی/ ایک قدیم مضمون / جشن تاجپوشی کا کلکتہ میں دلچسپ مشاعرہ/ حکیم خاقانی شروانی/ اک مس سیمین بدن سے کرلیا لندن میں عقد/ پنگچویشن / خدنگ نظر۔ مبادلہ سنین / آثار قدیمہ/ منار خسروگر / افغانستان/ تعلیم نسواں/ قمار باز/ ممالک اسلامیہ اور سید احمد خانی خیالات/ ملکہ، برتھا/ تعلیم اور اتالیقی پر اورنگ زیب کا لکچر/ سرمد شہید/ قصر حسنی۔				
۱۳۔	اسلام اور آزادی	ابوالکلام آزاد	دہلی، صابری پبلشرز	۱۹۵۷	۵۴
۱۴۔	اسلام اور قومیت	ابوالکلام آزاد	لاہور، پیکو آرٹ پریس		
۱۵۔	اسلام اور مسیحیت[1]	ابوالکلام آزاد	دہلی، تاج اردو اکیڈمی	۱۹۶۵	۱۱۲
۱۶۔	اسلام اور نیشنلزم	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، البلاغ بک ایجنسی	۱۹۶۹ء	
			۲) لکھنو، مکتبہ تعلیمات اسلام	۱۹۸۴	۶۴
۱۷۔	اسلام کا نظریہ، جنگ	ابوالکلام آزاد/ ابن راعی	۱) لاہور، بساط ادب	۱۹۶۵	۲۰۵
			۲) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۷۰	۲۰۵
			۳) دہلی، تاج پبلشنگ ہاؤس	۱۹۷۰ء	۲۰۵

فہرست:

فصل اول

انقلاب۔ معلم انقلاب/ دستور انقلاب/ شاہراہ انقلاب/ اغراض و مقاصد

۱؎ 'عیسائیت کا مسئلہ' کے عنوان سے بھی شائع ہوئی ہے۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
	انقلاب۔ فصل دوم حرب۔ اسباب وعلل/ نتائج وعواقب/ علائق / رسوم وعلائم/ روابط۔ فصل سوم جہاد۔ اسماء واعلام/ رسوم وعلائم/ فاتح اور مجاہد/ آثار ویادگار۔				
١٨۔	اسلامی مسائل[1] امر بالمعرف ونہی عن المنکر پر مفصل بحث	ابوالکلام آزاد	دہلی، شہزاد بک ڈپو		
١٩۔	اصحاب کہف	ابوالکلام آزاد	١) لاہور، ادبستان	ب۔ت	٢١٥
			٢) لاہور، ادبستان (باردوم)	ب۔ت	١٤٤
			٣) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	١٩٨٧	١٢٨
٢٠۔	الاعلان الحق ''ہلال رمضان مبارک کے متعلق تین ضروری بحثیں نہایت تحقیق کے ساتھ کی گئی ہیں''۔	ابوالکلام آزاد	کلکتہ، عثمانی پریس	١٣٢١ھ	١٨
٢١۔	افادات آزاد: مذہبی[2]	ابوالکلام آزاد /	کراچی، ادارہ تصنیف وتحقیق پاکستان	١٩٨٤ء	٢٠٠
	اورادبی استفسارات کے جوابات فہرست: حرف ناگزیر ۔ ابوسلمان شاہجہانپوری مقدمہ ۔ محمد اجمل خاں حصہ اول (دینی)۔ ایمان وعقائد/ عبادات/ نکاح وطلاق/ قرآن وحدیث/ فقہ/ مسائل جدیدہ/ تصوف/ تعلیم واصلاح رسوم/ قادیانیت/ متفرقات۔	ابوسلمان شاہجہانپوری	کراچی، ادارہ تصنیف وتحقیق پاکستان	١٩٨٩ء	٢٠٠

---

[1] ''صدائے حق'' کے عنوان سے بھی شائع ہوتی رہی ہے۔

[2] ''ملفوظات آزاد'' کے نام سے ١٩٥٩ء میں دہلی سے شائع ہو چکی ہے

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
	حصہ دوم (ادبی)				
	خطوط و جواب بہ ترتیب تاریخی/ضمیمہ: نامۂ غالب بنام خداداد خاں و ولی خاں۔				
۲۲۔	افسانہ ہجر و وصال[۱]	ابوالکلام آزاد	لاہور۔الہلال بک ایجنسی	۱۹۳۵ء	۲۴
۲۳۔	افکار آزاد:	ابوالکلام آزاد/محمد عثمان فارقلیط	لاہور، مکتبہ آزاد	۱۹۴۵ء	۱۸۰

حضرت مولانا ابوالکلام صاحب
آزاد کے اچھوتے خیالات کا مرقع

فہرست:

لکھنو کانفرنس اور مسلمانوں کے حقوق/بیان حسرت و علم/اختلاف رائے کے حدود/عقل و دماغ یا اشتعال و انفعال/نہرو کمیٹی اور الہ آباد کانفرنس/آبادی کی کثرت اور انتخابی قوت/حق رائے دہی بالغان/لکھنو کانفرنس اور پنجاب کا مسئلہ/خطرناک تجویز/نمائندگان پنجاب کا مسئلہ/مولانا شوکت علی اور ارکان پنجاب/مولانا شوکت علی اور کانفرنس/عقل و دماغ اور جذبات/مسلمانوں کا قتل عام/اصول اور روایت/مرکزی مجلس اور مسلمانوں کی نیابت/ہندوؤں اور مسلمانوں کا جماعتی وصف/بیسویں صدی کی لیڈر شپ/ایمان اور نفس کا عشق/قرآن اور حکومت/اسلام کا خلیفہ اور مسیحیت کا پوپ/خلافت اور پاپائیت کا فرق/شریعت اور حکومت کی یکجائی/نظام شرعی اور قانون مرکزیت/وحدت حقیقت اور اختلاف اسماء/قانون ہجرت اور آثار تمدن/جہاد کی حقیقت/اطاعت اور اقتدار میں فرق/تقلید اور اطاعت/جذبۂ اطاعت اور فرض حق گوئی/واقعہ امام حسین علیہ السلام/سلطان اسلام کا فرزند اور ایک غلام زادہ/قوم تاتار اور اقوام یورپ/ترک اور یورپ/ترکوں کی مذہبی بے تعصبی/عیسائی فرقے اسلام کی پناہ میں/انجام کی فتح مندی/ناانصافی/مایوسی کی انتہا/خوف اور غفلت/ہندو مسلم اتحاد/موجودہ مسلمانوں کی حالت/مذہب کی دکان/غلط فہمیاں/نبوت و اجتہاد/جزئیات کا فتنہ/علماء دنیا

---

[۱] اس افسانے کو بنیاد بنا کر مولانا آزاد کے مضامین کے مختلف مجموعے کا عنوان بھی مرتبین نے "ہجر و وصال" رکھا۔ ابجدی ترتیب کے لحاظ سے ان کی تفصیلات "ہجر و وصال" کے عنوان کے تحت دیکھیے۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات

پرست / فتنۂ معاصرت / شک اور یقین / یورپ کے پرستار اور یونان کے حلقہ بگوش / مرض اور علاج / ایمان بالرسل اور فتنۂ معاندین اور مولانا ابوالکلام آزاد / اکمال دین اور نزول مسیح / ہر صدی کا مجدد / احادیث اور مسئلہ ظہور مسیح / تکمیل دین اور شرائط ایمان / یورپ اور اسلام کی مساوات / خلاف عقل / فلسفۂ یاس و امید / ڈاکو سود خور / جہاد یا قتال / تمہاری دنیا / اخلاق اور سیاسی انقلاب / افتراق واختلاف امت / کچھ اپنے متعلق / نفس کی زنجیریں / انسانی سیرت کی فضیلت / عورت کی فرشتگی / جماعتی عہد ومیثاق / تصدیق وتکذیب کے حدود / زکوۃ کا نظام شرعی۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۲۴۔	اکابر اسلام کے آخری لمحات [۱]	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	اکتوبر ۱۹۵۷ء (باراول)	۶۲
				۱۹۵۸ء (باردوم)	۶۲

فہرست:

عمرو بن العاص / حجاج بن یوسف / معاویہ بن ابی سفیان / حضرت خبیب بن عدی / عبداللہ ذوالبجادین / عبداللہ بن زبیر / عمر بن عبدالعزیز۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۲۵۔	البیرونی اور جغرافیہ عالم	ابوالکلام آزاد	۱) نئی دہلی، ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز	۱۹۸۰ء	۱۱۲
			۲) کراچی، ادارۂ تصنیف وتحقیق پاکستان	۱۹۸۲ء	۱۲۸

فہرست: [۲]

ابوریحان اور ابوالکلام

پیش لفظ

ابوالکلام آزاد — ابوسلمان شاہجہانپوری

ابوریحان البیرونی — ضیاء الحسن فاروقی

---

[۱] اس کا دوسرا عنوان ''انسانیت موت کے دروازے پر'' ہے۔

[۲] یہ فہرست پاکستانی ایڈیشن کے مطابق ہے۔

نمبر شمار　عنوان　مصنف/مرتب　مطبع / ناشر　سنہ اشاعت　صفحات

کچھ مخطوطے کے بارے میں　مسیح الحسن

البیرونی اور جغرافیۂ عالم　مولانا ابوالکلام آزاد

القانون المسعودی / پروفیسر توگان کی کامیابی / عربی میں ہئیت کی پہلی کتاب / الہئیت الکروی اور الہئیت التحرمی / ہندی حساب کی بنیادی غلطیاں / البیرونی کا عہد اور عربی فن جغرافیہ وتخطیط / البیرونی کا علمی کارنامہ / ہفت اقلیم / اقلیموں کی مساحت اور کرہ کی مجموعی مساحت / قبتہ الارض اور بعض قدیم مقامات / قبتہ الارض / البیرونی کے اطوال اور موجودہ اطوال کا فرق / اس عہد کی جغرافیائی تحقیقات کی بعض خصوصیتیں / محمود غزنوی اور البیرونی / ہندوستان میں البیرونی کی حدود سیاحت / البیرونی کی دماغی سیرت / الصیدنہ اور الجماہر / ہندوستان اور ابوریحان البیرونی / کتاب الہند / اصطلاحات

۲۶۔　البلاغ، مضامین...　ابوالکلام آزاد / محمود الحسن صدیقی　۱) دہلی، ہندوستان پبلشنگ ہاؤس　۱۹۴۴ء　۲۷۹

۲) دہلی، ہندوستان پبلشنگ ہاؤس　ب.ت　۲۰۸

۳) لاہور، آئینہ ادب،　۱۹۸۱ء

۴) دہلی، شاہین بک سینٹر　۱۹۸۶ء　۲۱۶

۵) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس　۱۹۸۸ء　۲۱۶

فہرست:

وثایق وحقایق

الدین والسیاست / فلسفہ احتساب / الاصلاح والافساد

بصائر وحکم

فلسفہ اجتماع اور جنگ / جنگ کا اثر فن روایت پر / جنگ کا اثر اخلاق پر / تربیت عسکری اور قرآن

تاریخ وعبر

ماہ ربیع الاول / عراق لیلائے عراق / شیعہ کالج لکھنو / مجوزہ شیعہ کالج۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۲۷۔	الہلال، انتخاب...	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، حمید برادرز	۱۹۵۸ (باراول)	۳۶۱
			۲) لاہور، حمید برادرز	۱۹۶۱ (باردوم)	۳۸۴
			۳) لاہور، ادبستان	ب۔ت	۲۵۳
			۴) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۷ء	۳۸۴

فہرست:

ان الحکم الا للہ / جہد حریت اور ایک نکتہ لطیف / خلیفہ ماموں الرشید اور الزام قتل امام رضا / اہل عرب کی ترقی کا راز / اولیاء اللہ و اولیاء الشیطان / پابندی عہد اور قرآن حکیم / غزوات اسلامیہ اور اسکی یادگار / اسوہ حسنہ (میدان جہاد میں پیغمبرانہ جاہ وجلال کا ایک روحانی منظر) / مقاصد حج / تاریخ فرضیت حج / تاریخ فرضیت صوم / ماہ مقدس اور جماعت ہائے ثلاثہ / تذکار نزول قرآن / جہاز ایمپرس کی تباہی اور مطالعہ قرآن کا ایک لمحۂ فکریہ / الحرب / الحرب والاسلام / صفحۃ من تاریخ العرب۔

۲۸۔	الہلال، انتخاب...	ابوالکلام آزاد	لاہور، ادبستان	ب۔ت	۲۳۶

فہرست:

الحرب / الحرب والاسلام / قدیم ترین محاصرے اور مدافعت / ان الحکم الا للہ / اولیاء اللہ و اولیاء الشیطان / سنہ ہجری

۲۹۔	الہلال کے تبصرے	ابوالکلام آزاد / پروفیسر محمود الہی	لکھنو، اترپردیش اردو اکادمی	۱۹۸۸ء	۲۴۰
۳۰۔	الہلال کے منتخب افسانے	ابوالکلام آزاد / ایم کوٹھیاوی راہی	لکھنو، اترپردیش اردو اکادمی	۱۹۸۸ء	۱۲۸

فہرست:

پیش لفظ

مقدمہ

محبت اور قربانی یا سزا اور انتقام (قسط اول و دوم) / حقیقت کہاں ہے؟ / نپولین پر قاتلانہ حملے / نپولین پر قاتلانہ حملہ / ماں کی محبت / ترکی تاریخ کا ایک مجہول صفحہ / غضب ناک محبوبہ (ہر دو قسط) / روحانیت کی مجلس فرانس کا آخری مقبول ڈراما / خط استوا کے افریقی قبائل۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۳۱۔	الہلال، مضامین ...	ابوالکلام آزاد	لاہور، دابستان	ب۔ت	۲۲۲
	فہرست: صدائے حق/ دعوت حق/ جہاد اور اسلام/ فاتحین کا داخلہ (مفتوحہ ممالک میں)/ افسانۂ ہجر و وصال۔				
۳۲۔	الہلال، مقالات ...[۱]	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، ادبستان	۱۹۴۲ء	۲۱۵
			۲) لاہور، ادبستان	۱۹۶۰ء	۲۱۵
	فہرست: مساجد اسلامیہ اور خطبات سیاسیہ/ مسجد ضرار/ نظام حکومت اسلامیہ/ سقوط ادرنہ/ مسئلہ سود۔				
۳۳۔	امام الہند حضرت مولانا آزاد کا پیغام مسلمانان ہند کے نام	ابوالکلام آزاد	پٹنہ، برقی پریس	ب۔ت	۱۶
۳۴۔	امام الہند حضرت مولانا[۲] مولوی ابوالکلام صاحب آزاد کا مفصل مکمل تحریری بیان	ابوالکلام آزاد	دہلی، حمیدیہ پریس	۱۹۲۲ء	۴۰
	پریسڈنسی جیل، علی پور کلکتہ میں ۱۱رجنوری ۱۹۲۲ کو لکھا گیا بیان جو مجسٹریٹ کے سامنے پڑھا گیا۔				
۳۵۔	امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کا فیصلہ اور مالیر کوٹلہ کا نزاع	ابوالکلام آزاد	مالیر کوٹلہ، انجمن اہلحدیث	۱۹۵۴ء	۴۸
	مالیر کوٹلہ مسجد اہلحدیث کے امام کے انتخاب کے نزاعی مسئلہ پر مولانا آزاد کا فیصلہ۔				
۳۶	امر بالمعروف	ابوالکلام آزاد	لاہور، الہلال بک ایجنسی	۱۹۴۶ء	۱۲۸
	امر بالمعروف ونہی عن المنکر پر مولانا آزاد کے بعض مضامین جو انہوں نے ۱۳ر جولائی ۱۹۱۲ء لغایت ۹رجولائی ۱۹۱۳ (الہلال میں) تحریر فرمائے تھے۔				

---

۱ الہلال کے مضامین کے مجموعوں کے لیے مزید دیکھیے "تصریحات آزاد" (نمبر ۶۹) اور "مکالمات ابوالکلام" (نمبر ۱۸۴)

۲ "مکمل بیان مولانا ابوالکلام آزاد" کے عنوان سے بھی شائع ہوا (نمبر ۱۸۵)

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۳۷۔	ام الکتاب یعنی تفسیر سورۃ الفاتحہ	ابوالکلام آزاد	۱)لاہور، البلال بک ایجنسی	۱۳۶۵ھ	۱۲۸
			۲)لاہور، مکتبہ احباب	ب۔ت	۲۳۶
			۳)لاہور، اسلامی اکادمی	۱۹۷۵ء	۳۱۲
			۴)لاہور، سجاد پبلشرز	۱۹۶۰ء	۴۰۰
			۵)دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۷ء	۳۱۲
۳۸۔	انبیائے کرام (علیہم السلام)	ابوالکلام آزاد/ غلام رسول مہر	۱)دہلی، پرویز بک ڈپو	۱۹۷۱ء	۳۶۰
			۲)لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلرز	۱۹۷۲ء	۳۶۰

انبیائے کرام پر مولانا آزاد کے ان مقالات کا مجموعہ جو ''الہلال'' و ''البلاغ'' کے اوراق میں بکھرے پڑے تھے یا 'ترجمان القرآن' کے مباحث میں ضمناً بیان ہوئے تھے۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۳۹۔	انڈیا ونس فریڈم[1]: آخری ایڈیشن کے مطابق مکمل متن، مقدمے اور حواشی کے ساتھ۔	ابوالکلام آزاد مترجم: پروفیسر محمد مجیب	کراچی، مکتبہ رشیدیہ	۱)۱۹۹۱ء	۳۴۶
				۲)۱۹۹۷ء	۳۸۲

"'India Wins Freedom' کے خری مکمل ایڈیشن ۱۹۸۸ء (جس میں ۳۰ زائد محفوظ صفحات بھی شامل ہیں) کا مکمل اور مستند ترجمہ۔ مفید حواشی، اہم تاریخی وسیاسی مباحث، ہندوستان اور پاکستان میں اس کی اشاعت پر ردعمل، اس کے ایڈیشنوں اور ترجموں کے بارے میں تفصیلات، اسماء وسنین کی تصیح کے اہتمام اور بہت سی اہم وضاحتوں اور اضافوں کے ساتھ''۔

فہرست مضامین:

اعتراف	ناشر اردو ترجمہ
پروفیسر ہمایوں کبیر: راوی و مولف	ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری
انڈیا ونس فریڈم: چند خیالات	ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری
انڈیا ونس فریڈم: ایک مطالعہ	ڈاکٹر ریاض الرحمٰن شروانی
ناشر کا نوٹ	لونگ مین
ایڈیٹر کا نوٹ	ہمایوں کبیر
دیباچہ	ہمایوں کبیر

[1] India Wins Freedom کے دیگر ترجموں کے لیے دیکھیے ''آزادی ہند'' (نمبر ۶) اور ہماری آزادی (نمبر ۲۰۹ اور ۲۱۰)

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
	پہلی جلد کا خلاصہ	ابوالکلام آزاد			

دوسری جلد:

کانگریس حکومتوں کا قیام/جنگ عظیم (ثانی) اور ہندوستان/ کانگریس کی صدارت/جنگ عظیم۔ ہندوستان اور چینی رہنماؤں کا رویہ/ کرپس مشن/ بے چینی کا دور/ہندوستان چھوڑ دو ریزولیوشن۔ پس منظر اور نتائج/ قلعہ احمد نگر جیل۔ افکار و حوادث/ شملہ کانفرنس/ عام انتخابات/ برطانوی کیبینٹ مشن/ تقسیم ہند کا پیش خیمہ/ عارضی حکومتوں کی تشکیل/ ماؤنٹ بیٹن مشن/ خواب پریشان/ تقسیم شدہ مالک/ حرف آخر۔

ضمیمے:

برطانوی حکومت کی ۲۹/ مارچ ۱۹۴۲ء کی تجاویز/ آزاد۔ کرپس خط و کتابت/ "ہندوستان چھوڑ دو" ریزولیشن/ ڈاکٹر سید محمود کا خط بنام وائسرائے/ وزارتی مشن کا پلان/ برطانوی حکومت کا ۳/ جون ۱۹۴۷ء کا بیان۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۴۰۔	انسانیت موت کے دروازے پر[1]	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، مکتبہ شعر و ادب	ب۔ت	۲۰۲
			۲) دہلی، چمن بک ڈپو	۱۹۶۷ء	۱۶۰

فہرست:

حضرت علی علیہ السلام/ حسین بن علی علیہ السلام/ عمرو بن العاص/ حجاج بن یوسف/ امیر معاویہ بن ابی سفیان/ ابوبکر صدیق/ عمر بن خطاب/ عثمان بن عفان/ سلمان فارسی/ امام حسن علیہ السلام/ ابو ہریرہ/ سعید بن العاص/ ربیع بن خیثم/ معاویہ بن یزید بن معاویہ/ جمیل (مشہور شاعر)/ مہلب بن ابی صفرہ/ عبدالملک بن مروان/ ابن القویہ/ اخطل/ امام ابرھیم نخفی (امام کوفہ) مروان بن محمد/ ابوجعفر منصور/ ابوسفیان ثوری/ عبداللہ بن عبدالعزیز/ ابراہیم موصلی/ عباس بن الاحنف/ خلیفہ ہارون الرشید/ ابونواس/ محمد امین/ حضرت معروف الکرخی/ حضرت بشر بن المنصور/ امام شافعی/ مامون الرشید/ حکیم ابوالعتاہیہ/ خلیفہ واثق باللہ/ خلیفہ منتصر باللہ/ امام جاحظ/ خلیفہ معتضد باللہ۔

---

[1] حاشیہ اگلے صفحہ پر۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۴۱۔	انسانیت موت کے دروازے پر[1]	ابوالکلام آزاد	۱) حیدرآباد، آزاد اکیڈمی	ب۔ت	۱۴۴
			۲) لاہور، گوشۂ ادب	۱۹۵۰ء (بار دوم)	۲۵۵
			۳) لاہور، گوشۂ ادب	۱۹۵۶ء (بار ششم)	۲۵۵
			۴) لاہور، گوشۂ ادب	۱۹۵۸ء (بار نہم)	۲۵۵
			۵) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۷ء	۲۶۸

فہرست:

رحلت نبوی صلعم / وفات صدیق / شہادت فاروق / شہادت عثمان / شہادت مرتضیٰ / شہادت حسین / عمرو بن العاص / حجاج بن یوسف / معاویہ بن ابی سفیان / خبیب بن عدی / عبداللہ ذوالبجادین / عبداللہ ابن زبیر / عمر بن عبدالعزیز۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۴۲۔	انسانیت موت کے دروازے پر[2]	ابوالکلام آزاد	لاہور، مرکزی سیرت کمیٹی	ب۔ت	۲۰۸

فہرست:

رحلت نبوی صلعم / وفات صدیق / شہادت فاروق / شہادت عثمان / شہادت مرتضیٰ / شہادت حسین۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۴۳۔	انقلاب کا دوسرا ورق	ابوالکلام آزاد	دہلی، نظامیہ دارالاشاعت	ب۔ت	[illegible]
۴۴۔	اولیاء اللہ و اولیاء الشیطان	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور الہلال بک ایجنسی	۱۹۲۲ء	۳۸
			۲) لاہور الہلال بک ایجنسی	۱۹۳۵ء	۳۸
۴۵۔	ایلاء و تخییر	ابوالکلام آزاد	لاہور الہلال بک ایجنسی	۱۹۲۲ء	۲۲
۴۶۔	بائیکاٹ (یورپین اشیاء کا بائیکاٹ)	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۲۱ء	۱۲
۴۷۔	بحر توحید کے دو قطرے	مرتب: محمد فضل حسین صدیقی	دہلی، ہلال پریس	۱۹۲۳ء	۱۶

توحید اسلام کے متعلق مولانا زاہد القادری کے دو معرکتہ الآرا مضامین۔ مولانا آزاد کا مضمون ''توحید الٰہی''

پچھلے صفحے کا حاشیہ نمبر ا اور پیش نظر صفحے کا ۱ و ۲ مختلف ناشرین نے اپنے اپنے طور پر مضامین یکجا کر شائع کیے ہیں اس لیے ان کے مشمولات علیحدہ علیحدہ نقل کیے گئے ہیں۔ ان مجموعۂ مضامین کو مزید دو عنوانات سے شائع کیا گیا ہے (۱) ''اکابر اسلام کے آخری لمحات'' (نمبر ۲۲) اور (۲) ''نبی اور یاران نبی کے آخری لمحات'' (نمبر ۱۹۷)

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۴۸۔	بنیادی تصورات قرآن	مرتب: سید عبداللطیف	۱)حیدرآباد، اکاڈمی آف اسلامک اسٹڈیز	ب۔ت	۱۶۰
			۲)دہلی، ناز پبلشنگ ہاؤس	ب۔ت	۱۷۵
	مولانا آزاد کی تفسیر سورۃ فاتحہ کا ملخص				
۴۸(الف)۔	بیاض آزاد: ابوالکلام آزاد کی تحریروں میں مستعمل اشعار	ابوالکلام آزاد/ عابد رضا بیدار	پٹنہ، خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری	۱۹۹۵ء	۶۵
۴۹۔	بیان مولانا ابوالکلام آزاد	ابوالکلام آزاد/ منشی مشتاق احمد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۲۲ء	۶۰
	''امام الاحرار حضرت مولانا ابوالکلام آزاد مدظلہ العالی کا وہ معرکۃ الآرا بیان جو مجسٹریٹ کلکتہ کچہری میں دیا''				
۵۰۔	پردہ قید کی علامت ہے یا آزادی کی ضمانت	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	ب۔ت	۷۸
	فرید وجدی آفندی کی تصنیف ''المراۃ المسلمۃ'' کا اردو ترجمہ ''مسلمان عورت'' کا ابتدائی حصہ				
۵۱۔	پیغام، انتخاب ہفتہ وار...	مرتب، پروفیسر محمود الٰہی	لکھنو، اترپردیش اردو اکادمی	۱۹۸۸ء	۱۱۲
۵۲۔	پیغام، مولانا ابوالکلام آزاد کا ہفتہ وار...	ابوالکلام آزاد/ عابد رضا بیدار	پٹنہ، خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری	۱۹۸۸ء	۲۱۲
	مکمل فائل کی عکسی اشاعت				
۵۳۔	تازہ مضامین ابوالکلام آزاد — دیکھیے — مضامین ابوالکلام آزاد، تازہ....				
۵۴۔	تاریخی شخصیتیں	ابوالکلام آزاد	لاہور، ابوالکلام اکیڈمی	۱۹۵۹ء	۲۶۰
	فہرست: جمال الدین افغانی/ جان جاک روسو/ نپولین/ رستم بن رضا/ مدحت پاشا/ مصطفیٰ فاضل پاشا/ سعید پاشا زاغلول/ والٹیر۔				
۵۵۔	ترتیب عسکری اور قرآن حکیم	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	ب۔ت	۷۹

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۵۶۔	تبرکات آزاد	ابوالکلام آزاد/	۱) لاہور، کتاب منزل	۱۹۵۹ء	۳۹۶
		غلام رسول مہر	۲) حیدر آباد، عثمانیہ بک ڈپو	۱۹۵۹ء	۳۹۶

مولانا آزاد کے ۹۷ مکاتیب اور ۷ مقالات پر مشتمل مجموعہ۔

فہرست:

حصہ اول:

۱) مکاتیب کا پہلا مجموعہ (مولوی محی الدین قصوری اور انکے والد کے نام آزاد کے ۲۷ مکاتیب)

۲) مکاتیب کا دوسرا مجموعہ (مولانا عبدالماجد دریابادی کے نام مولانا آزاد کے ۱۸ مکاتیب)

۳) مکاتیب کا تیسرا مجموعہ (مولانا سید سلیمان ندوی کے نام مولانا آزاد کے ۳۸ مکاتیب)

۴) مکاتیب کا چوتھا مجموعہ (۱۰ مندرجہ ذیل مختلف لوگوں کے نام ۱۵ خطوط
(۱) الطاف حسین حالی (۲) محمد اکبر (۳) عبدالرحمان ممبر پارلیمنٹ (۴)
حکیم سعد اللہ گیاوی (۵) مولانا ثناء اللہ امرتسری (۶) مکتوب الیہ غیر معلوم
(۷) مولانا انشاء اللہ خاں ایڈیٹر وطن، لاہور (۸) عبداللہ بٹ
(۹) حکیم عبدالقادر دامانی (۱۰) حکیم اجمل خاں)۔

حصہ دوم:

ہجرت کا فتویٰ / فتنہ ارتداد اور مسلمان / مسئلہ خلافت اور جمہوریہ ترکیہ / امیر ابن سعود اور حرمین شریفین / مقابر و آثار پر عمارت / دیش بندھو چترنجن داس / کیا آخری منزل آگئی؟

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۵۷۔	التبلیغ	ابوالکلام آزاد	کراچی، آزاد ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پاکستان	ب۔ت	۲۴

تبلیغ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ تقریر پہلی بار کتابی صورت میں رسالہ 'پیشوا' بابت فروری ۱۹۳۴ء کے حوالے سے ۲۰ صفحات میں شائع کی گئی۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۵۸۔	تحریکِ آزادی	ابوالکلام آزاد	۱) کراچی، مکتبہ ماحول	۱۹۵۸ء	۲۴۸
			۲) کراچی، مکتبہ ماحول	۱۹۵۹ء	۲۴۸
			۳) دہلی، چمن بک ڈپو	۱۹۵۸ء	
			۴) دہلی، کتاب خانہ	ب۔ت	۱۹۲
			۵) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۸ء	۲۴۰

فہرست:

تحریک آزادی اور مسلمان/ لکھنو کانفرنس/ مسلمان اور کانگریس/ایک تاریخی خطبہ/ مسئلہ زکوۃ/ سیرت کی عظمت/ مذہب کی دکان/ مرزائیت۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۵۹۔	تذکرہ	ابوالکلام آزاد/	۱) کلکتہ، البلاغ پریس	۱۹۱۹ء	۳۱۷
		فضل الدین احمد مرزا	۲) لاہور، کتاب گھر	۱۹۱۹ء	۳۳۶
			۳) لاہور، مکتبہ میری لائبریری	۱۹۶۰ء	۳۰۴
			۴) لاہور، کتاب محل	ب۔ت	۳۲۰
۶۰۔	تذکرہ	ابوالکلام آزاد/	۱) دہلی، ساہتیہ اکادمی	۱۹۶۸ء	۵۴۲
		فضل الدین احمد مرزا	۲) دہلی، ساہتیہ اکادمی	۱۹۸۱ء	۵۴۲
		بعدہ مالک رام	۳) دہلی، ساہتیہ اکادمی	۱۹۶۸ء	۵۴۲
۶۱۔	تذکرہ، انتخاب...	مرتب: پروفیسر محمود الٰہی	لکھنو، اتر پردیش اردو اکادمی	۱۹۸۸ء	۱۴۴

فہرست:

پیش لفظ — پروفیسر محمود الٰہی

مقدمہ مرتب — پروفیسر محمود الٰہی

انتخاب تذکرہ

مقدمہ تذکرہ/اعتذار/ تذکرہ (انتخاب)/ ضمیمہ

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۲۔	ترجمان القرآن: جلد اول	ابوالکلام آزاد	دہلی، دفتر ترجمان القرآن	۱۳۵۰ھ	۵۴۴

فہرست:

دیباچہ / تقریب /اصول ترجمہ و تفسیر / تفسیر سورہ فاتحہ / تفسیر سورہ بقرہ تا الانعام۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۳۔	ترجمان القرآن: جلد دوم	ابوالکلام آزاد	دہلی، دفتر ترجمان القرآن	۱۳۵۰ھ	۵۲۲

سورۃ الاعراف تا سورہ المومنون۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۴۔	ترجمان القرآن: جلد اول	ابوالکلام آزاد	دہلی، ساہتیہ اکادمی [۱]	۱) ۱۹۶۴ (بار اول)	۵۵۴
				۲) ۱۹۷۶ (بار دوم)	۵۵۴
				۳) ۱۹۸۰ (بار سوم)	۵۵۴

فہرست:

پیش لفظ	ڈاکٹر ذاکر حسین
قرآن حکیم کی تعلیم واشاعت	مولانا ابوالکلام آزاد
دیباچہ طبع اول	مولانا ابوالکلام آزاد
دیباچہ طبع ثانی	مولانا ابوالکلام آزاد
مقدمہ فاتحۃ الکتاب	مولانا ابوالکلام آزاد

ترجمہ تفسیر تشریح ام القرآن یعنی تفسیر سورہ فاتحہ

استدراک بر ترجمان القرآن جلد اول اجمل خاں

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۵۔	ترجمان القرآن: جلد دوم	ابوالکلام آزاد	نئی دہلی، ساہتیہ اکادمی	۱) ۱۹۶۶ء (بار اول)	۱۱۴
				۲) ۱۹۷۶ء (بار دوم)	۱۱۴
				۳) ۱۹۸۰ء (بار سوم)	۱۱۴

فہرست:

تفسیر تشریح سورہ بقر / آل عمران / النساء / المائدہ / الانعام

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۶۔	ترجمان القرآن: جلد سوم	ابوالکلام آزاد	نئی دہلی، ساہتیہ اکادمی	۱) ۱۹۶۸ء (بار اول)	۳۵.۹۰۳.۵۵
				۲) ۱۹۷۷ء (بار دوم)	۳۵.۹۰۳.۵۵
				۳) ۱۹۸۰ء (بار سوم)	۳۵.۹۰۳.۵۵

فہرست:

تفسیر و تشریح سورہ الاعراف / الانفال / التوبہ / یونس / ہود / یوسف

---

۱ ساہتیہ اکادمی نے "ترجمان القرآن" کی ہر دو جلدوں کو چار جلدوں میں تقسیم کر شائع کیا۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۷۔	ترجمان القرآن: جلد چہارم	ابوالکلام آزاد	نئی دہلی، ساہتیہ اکادمی	۱) ۱۹۷۱ء (باراول) ۲) ۱۹۷۷ء (باردوم) ۳) ۱۹۸۰ء (بارسوم)	 ۱۰۶۲،۳۷ ۱۰۶۲،۳۷

فہرست:

تفسیر تشریح الرعد/ابراھیم/الحجر/النحل/بنی اسرائیل/الکہف/مریم/طٰہٰ/الانبیاء/الحج/المومنون/النور۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۸۔	ترجمان القرآن، باقیات...	ابوالکلام آزاد/ غلام رسول مہر	دہلی، اشاعت الکتاب	۱۹۶۲ء	۱۱۰

''تیسری جلد کی مختلف آیات وسور کا ترجمہ مع تفسیر وتشریح جو تمام تر مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم ومغفور کی تحریکات وتصریحات پر مشتمل ہے''۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۶۹۔	تصریحات آزاد	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، مکتبہ شعروادب ۲) دہلی، تاج اردو اکیڈمی	ب۔ت ب۔ت	۲۰۴ ۲۰۴

الہلال کے قارئین کے پوچھے گئے مختلف سوالات کے جوابات، مضامین کی شکل میں۔

فہرست:

جنت ابراہیمی/اسلام اور سزائے قتل/ کفار سے مراد کون لوگ ہیں/طریق تذکرہ وتسمیہ خواتین/نفرت انگیز مذہبی حملوں کی روک تھام۔

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۷۰۔	تعلیمی ترک موالات کا مقصد	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۲۰ء	
۷۱۔	تفسیر پارہ الٓم	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	۱۹۵۸ء	۶۴
۷۲۔	تفسیر پارہ سیقول	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	ب۔ت	۶۴
۷۳۔	تفسیر پارہ تلک الرسول	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	ب۔ت	۸۰
۷۴۔	تفسیر پارہ لن تنالو	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	ب۔ت	۶۴
۷۵۔	تفسیر پارہ والمحصنٰت	ابوالکلام آزاد	لاہور، شمیم بک ڈپو	ب۔ت	۶۴

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۷۵(الف)۔	تفسیری نکات	ابوالکلام آزاد/ قمر آستاں خاں	پٹنہ، خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری	۱۹۹۶ء	۲۶

خطبہ صدارت، اجلاس جمعیۃ العلماء ہند (۱۹۲۱ء) اور خطبہ اختتامیہ مجلس خلافت (۱۹۲۱ء) سے قرآن مجید کی مختلف آیات پر مولانا آزاد کے تفسیری نکات مقتبس کیے گئے ہیں۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۷۶۔	توحید وشہادت (مضامین الہلال والبلاغ)	ابوالکلام آزاد	۱) بمبئی، بک سینٹر	۱۹۶۶ء	۱۱۴
			۲) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۸ء	۱۱۴

فہرست:

انسان کی حیات صالحہ اور اسکی طبعی عمر/ توحید فی الاسلام/ غزوات اسلامیہ اور تجارت دولت بنی امیہ/ جنگ اور صلح/ شہدائے کانپور/ تربیت عسکریہ اور قرآن حکیم/ جل اور نہ غازی شکری پاشا/ ایران جنگ۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۷۷۔	جامع الشواہد فی دخول غیر المسلم فی المساجد	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، ابوالکلام اکیڈمی	۱۹۶۰ء	
			۲) دہلی، مکتبہ ماحول[۱]	۱۹۶۰ء	۱۰۳
			۳) دہلی، نیو تاج آفس	ب ت	۱۱۱
			۴) دہلی، شاہین بک ڈپو	ب ت	۹۶
			۵) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۸ء	۱۰۴
			۶) پٹنہ، خدابخش اورینٹل پبلک[۲] لائبریری	۱۹۹۳ء	۱۱۴
			۷) کراچی، مولانا ابوالکلام آزاد ریسرچ انسٹی ٹیوٹ[۳]	۱۹۹۶ء (بار اول)	۱۷۳

---

[۱] مرتبہ انور عارف

[۲] مرتبہ مسیح الحسن

[۳] مرتبہ ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری۔ اس ایڈیشن کے آخر میں دو ضمیمے بھی شامل ہیں۔ (۱) جامع الشواہد (طبع دہلی) کا [illegible] ۱۹۲۷ء، (۲) خطوط واقتباسات۔ مولانا سید سلیمان ندوی کے نام۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات

فہرست:

تمہید - ابوالکلام آزاد

مسجد نبوی میں غیر مسلموں کا داخل ہونا/واقعہ وفد نجران/واقعہ وفد ثقیف/مسلمانوں کا طرز عمل اوراس کے نتائج/وفد ثقیف کے قیام فی المسجد کی تاویل/اسلام کی دینی عمارت صرف مسجد ہے/خدا کی ساری زمین اسلام کے لیے مسجد ہے/ثمامہ ابن آثال کا واقعہ/عامہ مجتہدین اوراحناف کی رائیں/تشریح آیت انما المشرکون نجس ...مذہب احناب اور مسلمانوں کا عمل مستمر/امام شافعی کا مذہب اور صاحب ہدایہ کا تسامح/مسجدوں میں غیر مسلموں کا داخلہ مقید ہے یا غیر مقید/ایک غلط استنباط/ ہندوستان کے ہندو کس قسم کے غیر مسلم ہیں/حضرت عمر بن عبدالعزیز کا ایک فرمان/ذمیوں کے دخول مسجد حرام کی نسبتاً احناف کی رائے اوراسی کا جواب/اس مسئلے میں احناف کے علاوہ ائمہ ثلاثہ کی رائے/مقامات و بلاد اسلام میں غیر مسلموں کے حقوق کی تفصیل/کیا مسجدیں صرف نماز کے لیے ہیں؟/رفع الصوت فی المساجد اور حضرت عمر کی روایت کی تشریح/تحقیق نماز جنازہ غائب کا وعدہ/مولانا عبد الباری فرنگی محلی کا خط/انقلاب حالات وخاتمہ۔

۷۸۔	جہاداوراسلام	ابوالکلام آزاد	۱) میرٹھ،قومی دارالاشاعت	ب ت	۴۶
			۲) دہلی،شاہداکیڈمی	۱۹۷۴ء	۷۲

''مسئلہ جہاد،حقیقت اسلامی،قربانی،عیدالاضحیٰ اوراسوۂ ابراھیمی پر مفصل بحث''

۷۹۔	الجہاد فی سبیل اللہ	ابوالکلام آزاد	مرادآباد،دفتر نظامیہ خلافت اسٹور	ب۔ت	۸۴
۸۰۔	حالات مولانا ابوالکلام آزاد[1]	محمد عظمت اللہ ملیح آبادی	دہلی،انصاری پریس	۱۹۴۰ء	۱۴۴

''اس کتاب میں امام الہند مولانا آزاد کے مفصل حالات،الہلال کے مفید مضامین،مختصر مقدمہ کلکتہ،خطبہ صدارت شامل ہیں''

۸۱۔	نحبۂ ابراھیمی	ابوالکلام آزاد/ پروفیسر قمر آستاں خاں	پٹنہ،خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری	۱۹۹۵	۹۷

سورہ بقر میں حضرت ابراھیم اورنمرود کے مناظرہ کے سلسلے کی تفسیر جو پہلی بار الہلال میں ۱۹۲۷ء میں شائع ہوئی

---

[1] اس کادوسراعنوان''حیات آزاد''بھی ہے۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف / مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۸۲۔	الحرب فی القرآن۔ حصہ اول	ابوالکلام آزاد	لاہور، الہلال بک ایجنسی	۱۹۲۲ء	۱۱۴

فہرست:

دیباچہ / انقلاب ماہیت جنگ / الحرب والعرب / استدلال مغوی حرب الحرب والقرآن / الجہاد / قتال اسلامی وسب ونہب ایفائے عہد القتال والحرب آیت ستہ / جنگ میں صلح اسباب جنگ کی تشریح ابن آدم کی پہلی جنگ اسلام اور صلح مقصد جنگ السلم فی الحرب / شریفانہ صلح عرب کا میدان جنگ مقام صلح وسائل انعقاد صلح / صلح کا اعلان امن اور اسلام اسلام اور تربیت عسکری فاتح افواج کا داخلہ مفتوحہ ملک میں خیبر میں مجاہدین اسلام کا داخلہ مجاہدین اسلام کا داخلہ مکہ میں / بقیہ فتح مکہ / عہد صحابہ اور فتوحات اسلامیہ / مدائن کا داخلہ اسکندریہ کا داخلہ فاتح اور پیغمبر کا امتیاز۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف / مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۸۳۔	الحریت فی الاسلام	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۲۱	۹۱

''اسلامی جمہوریت اور حریت اسلامی پر زبردست بحث فرمائی ہے اور مذہب آزادی یورپ کا اسلامی آزادی سے مقابلہ کیا ہے''

نمبر شمار	عنوان	مصنف / مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۸۴۔	حزب اللہ	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۲۱ء	۱۰۵
۸۵۔	حضرت یوسف علیہ السلام	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، ادبستان	۱۹۵۵ء	۲۱۵
			۲) دہلی، شاہین بک ہنڈ	۱۹۶۲	۱۱۲
			۳) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۶۷	۵۳
۸۶۔	حقیقۃ الحج	ابوالکلام آزاد	لاہور، الہلال بک ایجنسی	۱۹۲۶	۷۲

حج کے موضوع پر مولانا آزاد کے مختلف مضامین الہلال، البلاغ اور دیگر اخبارات سے لے کر یکجا کر دیے گئے ہیں۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف / مرتب	مطبع / ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۸۷۔	حقیقۃ الزکوۃ	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، الہلال بک ایجنسی	۱۹۴۵ء	۳۸
			۲) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۷ء	۴۴
۸۸۔	حقیقۃ الصلوۃ	ابوالکلام آزاد	۱) لاہور، الہلال بک ایجنسی	۱۹۴۵ء (طبع ثانی)	۵۲
			۲) بنارس، دارالکتاب	ب۔ت	۸۰
			۳) دہلی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس	۱۹۸۷	۲۸

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۸۹۔	حقیقۃ الصیام	ابوالکلام آزاد	لاہور، الہلال بک ایجنسی	۱۹۴۵ء	۱۱۶
۹۰۔	حواشی ابوالکلام آزاد: مرتب: سید مسیح الحسن زیر مطالعہ کتابوں پر		دہلی، اردو اکادمی	۱۹۸۸ء	۵۷۹
۹۱۔	حیات سرمد[1]	ابوالکلام آزاد	لکھنو، تنویر پبلشرز	۱۹۱۰	۲۶
۹۲۔	خطبات آزاد	ابوالکلام آزاد	دہلی، اردو کتاب گھر	۱۹۵۹	۱۹۲

فہرست:

خطبہ اتحاد اسلامی (۲۷/ اکتوبر ۱۹۲۱ء) / خطبہ صدارت مجلس خلافت، آگرہ (۲۵/ اکتوبر ۱۹۲۱ء) / خطبہ صدارت بنگال خلافت کانفرنس (۲۸، ۲۹/فروری ۱۹۲۰ء) / خطبہ صدارت جمعیۃ علماء ہند، لاہور (۱۸/نومبر ۱۹۲۱ء) / خطبہ صدارت جمعیۃ علماء ہند، لاہور (۱۸/نومبر ۱۹۲۱ء) / خطبہ صدارت آل انڈیا خلافت کانفرنس، کانپور (۲۹/دسمبر ۱۹۲۵ء)

نمبرشمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۹۳۔	خطبات آزاد	ابوالکلام آزاد	لاہور، ادبستان	ب۔ت	۳۶۸
۹۴۔	خطبات آزاد	ابوالکلام آزاد	نئی دہلی، ساہتیہ اکادمی	۱) ۱۹۷۴ (باراول)	۴۳۶
				۲) ۱۹۸۱ (باردوم)	۴۳۶
				۳) ۱۹۸۵ (بارسوم	۴۳۶
				۴) ۱۹۹۰ (بارچہارم)	۴۳۶

فہرست:

مقدمہ   مالک رام

اتحاد اسلامی (کلکتہ ۲۷/ اکتوبر ۱۹۱۴ء) / افتتاح مدرسہ اسلامیہ (کلکتہ ۱۳/ دسمبر ۱۹۲۰ء) / مجلس خلافت (آگرہ ۲۵/اگست ۱۹۲۱ء) / مجلس خلافت (آگرہ ۲۶/اگست ۱۹۲۱ء) / جمیعۃ علماء ہند تحریری (لاہور، ۱۸/نومبر ۱۹۲۱ء) / جمیعۃ علماء ہند تقریری (لاہور، ۱۸/نومبر ۱۹۲۱ء) / انڈین نیشنل کانگریس (دلی ۱۵/دسمبر ۱۹۲۳ء) / آل انڈیا خلافت کانفرنس (کانپور ۲۹/ دسمبر ۱۹۲۵ء) / جمیعۃ تبلیغ اہل حدیث (ستمبر ۱۹۳۴ء) / ہندوستانی کمیٹی، بہار (پٹنہ، ۱۹۳۷ء) / انڈین نیشنل کانفرنس (رام گڑھ مارچ ۱۹۴۰ء) عربی نصاب کمیٹی (لکھنو ۲۲/فروری ۱۹۴۷ء) / روابط بین ایشیائی کانفرنس (نئی دہلی مارچ ۱۹۴۷ء) / مسلمانان دلی کا اجتماع (اکتوبر ۱۹۴۷) / مہاتما گاندھی کی یادگار (نئی دہلی فروری ۱۹۴۸ء)

---

[1] یہ کتاب سلسلہ مشاہیر صوفیہ کرام نمبر ۸ کے تحت سرمد شہید کے نام سے نولکشور پریس، لکھنو سے شائع ہوئی ہے۔

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
	حواشی۔	مرتب			
	فہارس۔	مرتب			
۹۵۔	خطبات ابوالکلام آزاد	ابوالکلام آزاد/ مولانا نصر اللہ خاں عزیز	لاہور، المنار اکادمی	ب۔ت	۲۳۶

فہرست:

مقدمہ۔ مولانا نصر اللہ خاں عزیز

اتحاد اسلامی اجلاس عام کلکتہ (۲۷ر اکتوبر ۱۹۱۴ء) /صوبائی مجلس خلافت آگرہ (۲۵ر اکتوبر ۱۹۲۱ء) /خطبہ تحریری جمعیۃ العلماء ہند، لاہور (۱۸ر نومبر ۱۹۲۱ء) /خطبہ تقریری جمعیۃ العلماء ہند، لاہور (۱۸ر نومبر ۱۹۱۲ء) /اجلاس عام کلکتہ شہادت حسین /اجلاس خصوصی انڈین نیشنل کانگریس، دہلی (۵ر دسمبر ۱۹۲۳ء) صوبائی مجلس خلافت کانفرنس بنگال (۲۸ر فروری ۱۹۲۰ء) آل انڈیا خلافت کانفرنس کانپور (۲۹ر دسمبر ۱۹۲۵ء) /خطبہ کانگریس (مارچ ۱۹۴۰ء)

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۹۶۔	خطبات خلافت، انتخاب...	مرتب پروفیسر محمود الٰہی	لکھنؤ، اترپردیش اردو اکادمی	۱۹۸۱ء	۲۰۰

فہرست:

مقدمہ

مسئلہ خلافت و جزیرۃ العرب۔	مولانا ابوالکلام آزاد
خطبۂ صدارت بمبئی	جان محمد چھوٹانی
خطبۂ صدارت بمبئی	غلام محمد بھرگری
خطبۂ صدارت آگرہ	مولانا ابوالکلام آزاد
خطبۂ صدارت اختتامیہ آگرہ	مولانا ابوالکلام آزاد
خطبۂ صدارت میرٹھ	نواب محمد اسمٰعیل خاں
خطبۂ صدارت لکھنو	مولانا محمد علی
خطبۂ صدارت کوکونڈا	مولانا شوکت علی
خطبۂ صدارت کانپور	مولانا ابوالکلام آزاد

نمبر شمار	عنوان	مصنف/مرتب	مطبع/ناشر	سنہ اشاعت	صفحات
۹۷۔	خطبات سیاسیہ اور مساجد اسلامیہ ۱۹۱۳ء میں لاہور کی شاہی مسجد کی انتظامیہ کمیٹی نے رزولوشن پاس کیا تھا کہ سیاسی جلسے مسجد میں نہ ہوں اس پر مولانا آزاد نے ایک زبردست مضمون لکھ کر شائع کیا تھا۔ جس میں دکھایا تھا کہ مسجد کی حیثیت کیا ہے اور اس میں سیاسی تقریریں ہوسکتی ہیں	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	ب۔ت	۶۴
۹۸۔	خطبات احیائے ملت	ابوالکلام آزاد	بنارس، ادارہ اسلامی	۱۹۴۹ء	۳۶
۹۹۔	خطبۂ صدارت حضرت مولانا ابوالکلام آزاد: صدر اجلاس خصوصی انڈین نیشنل کانگریس منعقدہ دہلی ۱۵/ستمبر ۱۹۲۳ء	ابوالکلام آزاد	لاہو، ہندوستان الیکٹرک پرنٹنگ ورکس	۱۹۲۳ء	۳۶
۱۰۰۔	خطبۂ صدارت جو امام الاحرار حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے آل انڈیا خلافت کانفرنس کے سالانہ اجلاس منعقدہ کانپور میں ۲۴/دسمبر کو دیا۔	ابوالکلام آزاد	دہلی، محبوب المطابع	۱۹۲۵ء	۳۰
۱۰۱۔	خطبۂ صدارت انڈین نیشنل کانگریس رام گڑھ	ابوالکلام آزاد	الہ آباد، انڈین پریس	۱۹۴۰ء	۴۰
۱۰۲۔	خطبۂ صدارت تحریری جلسۂ جمیعۃ العلماء ہند منعقدہ لاہور ۱۸/نومبر ۱۹۲۱ء۔	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۲۱ء	۵۶
۱۰۳۔	خطبۂ صدارت تقریری جلسۂ جمیعۃ العلماء ہند منعقدہ بریڈلا ہال، لاہور ۱۸/نومبر ۱۹۲۱ء۔	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	۱۹۲۱ء	۴۰
۱۰۴۔	خطبۂ صدارت جلسۂ آگرہ مع تقریر اختتامی [1]	ابوالکلام آزاد	میرٹھ، قومی دارالاشاعت	ب ت	۵۶

---

[1] مولانا آزاد کی تقریروں اور خطبات کے لیے مزید دیکھیے: آزاد کی تقریریں (نمبر۴)، اتحاد اسلامی (نمبر۸)، امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کا پیغام مسلمانان ہند کے نام (نمبر۳۳)، انقلاب کا دوسرا ورق (نمبر۴۳)، بیان مولانا ابوالکلام آزاد (نمبر۴۹) خطبات آزاد (نمبر۹۲)، خطبات آزاد (۹۳)، خطبات آزاد (۹۴)، خطبات ابوالکلام آزاد (۹۵)، انتخاب خطبات خلافت (نمبر۹۶)، خطبۂ احیائے ملت (نمبر۹۸)، خطبۂ صدارت (نمبر۹۹)، خطبۂ صدارت (نمبر۱۰۰)، خطبۂ صدارت انڈین نیشنل کانگریس، رام گڑھ (نمبر۱۰۱)، خطبۂ صدارت تحریری (نمبر۱۰۲)، خطبۂ صدارت تقریری (نمبر۱۰۳)، خطبۂ صدارت جلسۂ آگرہ مع تقریر اختتامی (نمبر۱۰۴)، صدائے حق (نمبر۱۲۴)، کاروان وطن (نمبر۱۴۸)، کنووکیشن اڈریس (نمبر۱۴۹) موجۂ رفتہ (نمبر۱۸۷)، مولانا ابوالکلام آزاد کا تاریخی خطبہ (نمبر۱۹۲)، نثر ابوالکلام آزاد (۱۹۸)، نوادر ابوالکلام آزاد (۲۰۲)۔

نمبر شمار | عنوان | مصنف/مرتب | مطبع / ناشر | سنہ اشاعت | صفحات

خلافت کانفرنس صوبہ آگرہ

۱۰۵۔ خطوط ابوالکلام آزاد[۱] ابوالکلام آزاد/مالک رام نئی دہلی، ساہتیہ اکادمی ۱۹۹۱ء ۴۸۴

مندرجہ ذیل لوگوں کے نام آزاد کے خطوط:

مولانا عبدالرزاق کانپوری۔۲خطوط/حکیم محمد علی طیب۔ایک خط/شمس العلما محمد یوسف جعفری رنجور۔۷۴خطوط/خواجہ حسن نظامی۔۹خطوط/مولوی انشاء اللہ خاں۔ایک خط/ مولوی عبداللطیف۔ایک خط/ملا واحدی۔ایک خط/عبدالماجد دریابادی۔۱۹خطوط/ مولانا الطاف حسین حالی۔ایک خط/مولانا غلام رسول مہر۔۱۸۰خطوط۔

۳۸۵صفحات تک خطوط ہیں بقیہ صفحات (۳۸۷تا۴۹۰) پر مرتب کے قیمتی حواشی ہیں۔

۱۰۶۔ خلافت (مسئلہ خلافت اول) ابوالکلام آزاد لاہور شمیم بک ڈپو ب۔ت ۷۹

